رول نمبر:.................

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,01,08

ترا شباب امانت ہے ساری دنیا کی تو خار زار جہاں میں گلاب پیدا کر
سکون موت ہے بے دست و پا ضعیفی کا تو اضطراب ہے خود اضطراب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,09

کن بے دلوں میں پھینک دیا حادثات نے آنکھوں میں جن کی نور نہ باتوں میں تازگی
بول اے مرے دیار کی سوئی ہوئی زمیں میں جن کو ڈھونڈتا ہوں کہاں ہیں وہ آدمی
میٹھے تھے جن کے پھل، وہ شجر کٹ کٹا گئے ٹھنڈی تھی جس کی چھاؤں وہ دیوار گر گئی

## (حصہ دوئم)

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) غرض بات گئی گزری ہوئی۔ محمد عاقل سے جو آج ایسی باتیں ہوئیں، لوگوں پر مزاج دار کا اعتقاد جم گیا۔ اگلے دن زلفن کو بھیج جمن کو بلوایا اور آج مزاج دار بیٹی بنیں اور جمن کو ماں بنایا۔ رات کے وقت محمد عاقل سے پھر جمن کا ذکر آیا۔ محمد عاقل نے کہا: "دیکھو، ہوشیار رہنا۔ اس بھیس میں کٹنیاں اور ٹھگنیاں بہت ہوا کرتی ہیں۔" لیکن طمع نے خود محمد عاقل کی عقل پر ایسا پردہ ڈال دیا کہ اتنی موٹی بات وہ نہ سمجھا کہ دور دیے کا مال چار آنے میں کوئی بے وجہ بھی دیتا ہے۔

(ب) آگے چل کر معلوم ہوا کہ انہیں صرف دوڑنے اور ڈنٹر پیلنے کا ہی شوق نہیں، مگدر بھی ہلاتے ہیں، نیزہ بازی اور شہسواری میں بھی برق ہیں، پیراکی اور کشتی گیری میں بھی بند نہیں، نشانہ بھی اچھا لگاتے ہیں۔ حیدرآباد کی ملازمت کے زمانے میں کچھ دن فوج میں بھی رہے۔ یہ قصہ عجیب ہے، سپاہی نیزہ بازی کے کرتب دکھا رہے تھے ان کی بھی طبیعت لہرائی۔ گھوڑے پر سوار ہو کے نیزہ تانا اور آن کی آن میں میخ اکھاڑ لی۔ ہر طرف سے تحسین وآفرین کا غلغلہ ہوا اور ان کی خدمات فوج کے صیغے میں منتقل کر دی گئیں۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) نواب محسن الملک (ii) ہوائی 01,09

5۔ اسرار الحق مجاز کی نظم "نوجوان سے خطاب" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: (i) محسنِ انسانیت ﷺ (ii) رزقِ حلال نعمت بھی عبادت بھی (iii) میرا پسندیدہ شاعر 20

7۔ اخبار کے ایڈیٹر کے نام خط لکھیے جس میں انہیں اپنے محلے میں منشیات فروشی کے اڈے کے بارے میں آگاہ کیجیے۔ 10

301-XII119-44000